# تنوع میں اتحاد کا جشن، ملن اتسو2025 کا پارک سرکس میدان میں شاندار آغاز





کولکاتا،3 رجنوری: ہر سال کی طرح امسال بھی پارک سرکس میدان میں ملن اتسو2025 کا شاندار آغاز ہوا۔ یہ اتسو وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کی حوصلہ افزائی سے ہر سال ہوتا ہے اور اس مرتبہ اس کا آغاز ہر سال سے بہتر طریقے پر ہوا ہے اور اس بہترین سجاوٹ اور لوگوں خصوصاً خواتین کی زبردست بھیڑ بھاڑ اور میدان میں کئی ڈرون طیارے کے ذریعہ نگرانی اور یہ سب اس قدر بہترین تھا کہ جس کا کوئی بھی جواب نہیں ہے۔ یہ فیسٹویل مغربی بنگال میں رہنے والے مختلف اقلیتی فرقوں کی دستکاریوں، پکوان اور ثقافت کو یکجا کرتا ہے۔ علاوہ ازیں میلے جاب، کیریئر کونسلنگ اور ہیلتھ چیک اپ کیمپ پر مشتمل ہے اس کے علاوہ سائنس آڈیٹوریم بہت ہی شاندار بنایا گیا ہے۔ اس پروگرام کا افتتاح ریاستی وزیر اور شہر کے میئر فرہاد حکیم نے کیا علاوہ ازیں جاوید احمد خان، صدیق اللہ چودھری، بابل سپریو، محمد غلام ربانی، آخر الزماں، احمد حسن عمران، محمد ندیم الحق اور شکیل احمد نے خوبصورت انداز میں اس ملن اتسو کے مقصد سے آگاہ کیا۔ شکیل احمد خان نے بتایا کہ جاب میلہ، کیریئر اسٹال، روزگار کے متعلق کونسلنگ، دستکاریاں، ثقافتی مقابلہ جاتی پروگرام ہیلتھ چیک اپ کیمپ، سائنس نمائش، سوشل میڈیا آگاہی کیمپ اور فوڈ کورٹ سمیت دیگر تمام مسائل سے متعلق اس ملن اتسو میں بات چیت کے ذریعہ حل کیا جاسکتا ہے۔ جناب شکیل احمد جن کی مادری زبان اردو ہے لیکن انہوں نے اس خوبصورتی کے ساتھ بنگلہ زبان میں خلاصہ کیا کہ اندازہ ہی نہیں ہوا کہ ان کی مادری زبان اردو ہے۔

## ڈی آئی جی کے خلاف ریاستی حکومت


## ممتا کی ہدایت پر راجیو کمار کی نیند غائب



کولکاتا،3 رجنوری: بنگلہ دیش میں بدامنی کے بعد ہی اس طرف یعنی بنگال میں نقلی پاسپورٹ کا معاملہ بھی گرما اٹھا۔ دراصل بنگلہ دیش میں ناسازگار حالت کے خوف سے کچھ بنگلہ دیشی بنگال میں بود و باش کرنے کے لئے اس طرح کا نقلی پاسپورٹ تیزی سے بنا رہے ہیں تا کہ ان کا بنگال میں رہنا سہنا پکا ہو جائے۔ اسی کے ساتھ اس کا فائدہ اب تشدد پسند بھی اٹھانے میں لگے ہیں جیسے ہی یہ معاملہ گرمایا ویسے ہی بنگال کے ڈی آئی جی راجیو کمار کی بھی نیند اڑ گئیں، ان کو سوالات کے گھیرے میں بھی آنا پڑا۔ مغربی بنگال میں نقلی پاسپورٹ کا جو تجارت زور پکڑا تو اس معاملے میں بنگال کے ڈی آئی جی نے جھٹ سے ایک پریس کانفرنس بلوا کر اپنا پلا جھاڑنا چاہا۔ مگر جمعرات کو ڈی آئی جی کے ایسے کانفرنس سے وزیر اعلیٰ و وزیر پولس ممتا بنرجی کا تیوری بھی چڑھ گیا۔ اور کہا کہ پاسپورٹ نظر ثانی کا ذمہ پولس کے جس محکمہ پر ضروری ہے وہی محکمہ ہی رشوت خور بن چکا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اس کا اعتراف کرلیا۔ انہوں نے بالواسطہ ذمہ دار ریاست کے ڈی آئی جی پر بھی لگایا اور انہیں بھی انہوں نے کلین چٹ نہیں دیا۔ دراصل سرکاری نوکری یا پاسپورٹ بنانے کا معاملہ اس معاملے میں پولس ہمیشہ سے ہی رشوت خور ہوتی ہے۔ یہ اپنا کام پوری دیانتداری سے نہیں کرتے ہیں تو ایسے میں ڈی آئی جی بھی شک کے گھیرے میں آتے ہیں۔ اب اگر وہ اپنی ذمہ داری سے پلا جھاڑتے ہیں تو یہ معقول بات نہیں۔

## امتحانی پیپر میں ماسٹر دا سوریہ سین کے نام کی جگہ

## طالب علم نے پشپا راج لکھ دیا، ممتحن پریشان




کولکاتا،3 رجنوری: چھٹی جماعت کے ایک طالب علم نے امتحانی پیپر میں ماسٹر دا سوریہ سین کے بارے میں سوال ہوا تھا کہ ماسٹر دا کسے کہتے ہیں اس کے جواب میں اس طالب علم نے لکھا کہ پشپا راج کو کہتے ہیں۔ اس جواب کو دیکھ کر جو پہلے ہی وائرل ہو چکا ہے ریاستی وزیر تعلیم پر طنزیہ ریمارکس کرتے ہوئے سوکانت مجمدار نے کہا کہ کیسٹو دا کو پشپا راج کہا جاتا ہے۔ اس کے بعد انہوں نے کیسٹو دا کا معاملہ اچھال دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امتحان کے پیپر میں چھٹی جماعت کے طالب علم جو پشپا راج لکھا ہے دراصل اس کو صحیح سے ہجے بھی کرنا نہیں آتا ہے لیکن اس کے دماغ میں پشپا راج بٹھا دیا گیا ہے۔ اسے ماسٹر دا جیسے غیر متنازعہ شخصیت جو جنگ آزادی کے مجاہد تھے کے نام کی جگہ پشپا راج لکھنا غلط ہے۔ لیکن یہ صرف ایک طالب علم کا معاملہ نہیں ہے بلکہ اس اسکول میں کلاس 6 کی متعدد جوابی پرچہ میں حیرت انگیز جواب لکھا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس جوابی پرچہ میں کہیں ماں باپ کی لڑائی کے بارے میں لکھا گیا ہے تو بعض بچوں نے کہاں لکھیں ہیں جو اساتذہ کی توجہ سے بچ نہ سکیں۔ مجموعی طور پر امتحانی پرچہ جانچنا ماسٹروں کے لئے دردسر بن گیا ہے۔ مرکزی وزیر مملکت برائے تعلیم اور بی جے پی کے ریاستی صدر سکانت مجمدار کے طنز پر کہا کہ اگر اساتذہ سڑکوں پر احتجاج میں مصروف ہیں تو ایسا ہی ہوگا۔ طلباء ماسٹر دا کو 'کیسٹو دا' کہیں گے۔ علمی طبقہ کا ایک بڑا طبقہ ایسے جواب سے پریشان ہے۔

## آر جی کار معاملہ: سی بی آئی نے سنجے رائے کے خلاف عدالت میں پھانسی کا مطالبہ کیا

کولکاتا،3 رجنوری: آر جی کار ریپ معاملہ ایک نایاب قتل کا معاملہ ہے جس میں ایک ڈاکٹر کے ساتھ انسانیت سوز حرکت کی گئی تھی اور اس کا قتل کردیا گیا تھا۔ سی بی آئی نے عدالت میں پکڑے گئے سنجے کو سزائے موت دینے کا مطالبہ کیا۔ سنجے کے خلاف الزامات کی واضح طور پر کچھ وجوہات ہیں۔ واضح ہو کہ گزشتہ سال اگست سے مغربی بنگال میں اس معاملے کو ایک طوفان کھڑا ہوا ہے۔ مقدمے کی سماعت کا مرحلہ تقریباً ختم ہو چکا ہے۔ ملزم سنجے رائے کے مقدمے میں سی بی آئی کے دلائل جمعرات کو ختم ہو گئے۔ آر جی کار اسپتال میں خاتون ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کے معاملے کی سی بی آئی کی جانب سے سیالدہ کی اے ڈی جے عدالت میں ملزم سنجے رائے کے خلاف مقدمہ چل رہا ہے۔ اس دن سنجے کو عدالت کے بند کمرے میں پیش کیا گیا۔ سی بی آئی کے وکیل نے دلیل دی اور عدالت کو بتایا کہ عصمت دری اور قتل کے ملزم سنجے رائے کے خلاف کیا ثبوت ہیں۔ سی بی آئی ان کے ساتھ ملزم کی طرح سلوک کیوں کر رہی ہے؟ ذرائع کے مطابق اس سلسلے میں سی بی آئی کی جانب سے گواہی دینے والے 54 لوگوں کا جزوی بیان بھی پیش کیا گیا ہے۔ وکیل نے نشاندہی کی کہ حیاتیاتی ثبوت یا متاثرہ کے جسم سے جو تھوک برآمد ہوا، ڈی این اے ٹیسٹ کے مطابق یہ سنجے رائے کا ہے۔ اس کے علاوہ سنجے رائے کے کپڑوں اور جوتوں پر پائے جانے والے خون کے دھبے اور متاثرہ لڑکی کو بھی فرانسک رپورٹ میں پیش کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سی بی آئی کی جانب سے ماہرین کی جو ٹیم تیار کی گئی ہے اس میں سنجے رائے واحد ملزم ہونے کی اطلاع بھی سی بی آئی کی جانب سے پیش کی گئی ہے۔ عدالتی حکم کے مطابق ملزم کے وکیل 4 جنوری کو جج کے روبرو دلائل دیں گے۔



جاگو شیکھسک شکسہ ادھیکار منچ کے ممبران جو ایس ایل ایس ٹی2016سے جڑے ہوئے ہیں وہ اپنے حقوق کے لئے احتجاج کرتے ہوئے۔

## کو آپریٹیو الیکشن میں بم اندازی کی شکایت بھاجپا کی، کورٹ نے معاملے کی رپورٹ طلب کرلی

کولکاتا،3 رجنوری: تملوک کو آپریٹیو چناؤ میں بھاجپا کے لیڈر پر بم چلانے کا الزام سامنے آیا ہے۔ اور بی جے پی کے کارکن و حامیوں نے پولس پر خاموش تماشائی کا الزام بھی عائد کردیا۔ اب اس معاملے کو لیکر بی جے پی ہائی کورٹ میں اس معاملے کی جانچ این آئی اے سے کروانے کا مطالبہ بھی کردیا۔ آئندہ منگل کو اس معاملے کی پوری رپورٹ جج جئے سین گپتا نے طلب کیا ہے۔ دراصل تملوک میں ترنمول۔ بھاجپا کے کانٹے کی جنگ کو آپریٹیو کے لئے تھی۔ وہاں برسر اقتدار پارٹی کا قبضہ اچھا تھا۔ اور وہاں کے لوگ بھی ترنمول و ممتا بنرجی کے حمایتی تھے۔ بھاجپا سے سبھوں کو پرخاش تھی کیونکہ بھاجپا کے پاس سوائے تشدد و ہوائی وعدے وعید کے سوا کچھ بھی نہ تھا۔ جس کا احساس بھاجپا کے لیڈروں کو بھی تھا۔

## رشوت لیکر پارتھو نے نا اہل کو نوکری دی

## سی بی آئی نے سابق وزیر تعلیم پر شکنجہ کس دیا




کولکاتا،3 رجنوری: ٹیچر بحالی بدعنوانی میں سابق وزیر تعلیم پارتھو چٹرجی لگ بھگ 2 برسوں سے زیادہ جیل میں پڑے ہوئے ہیں۔ لیکن پرائمری معاملے میں ان کو گزشتہ برس اکتوبر کو سی بی آئی نے گرفتار کیا تھا۔ اس معاملے میں سی بی آئی نے کورٹ میں جو چارج شیٹ پیش کیا ہے اس کے ہر صفحے میں سابق وزیر تعلیم پوری طرح سے چھائے ہوئے دیکھے گئے۔ سابق وزیر تعلیم پارتھو روپے پیسے کی رشوت لیکر نا اہل امیدوار کو بھی نوکری عنایت کردی۔ اور جب جانچ ٹیم نے اس معاملے کی جانچ کی تو اس کے سر گوشے میں ایک ہی نام نمایاں ہوا۔ پارتھو چٹرجی کا اور سی بی آئی نے عدالت میں ان کے خلاف مضبوط چارج شیٹ بھی پیش کردیا۔ 19 صفحے کے اس چارج شیٹ میں یہ نمایاں تھا کہ نا اہل امیدواروں کو انہوں نے موٹی رقموں کے عوض اپنے حکم سے نوکری کی گنجائش نکالی۔ چرکٹ کے ذریعہ اپنے حکم پر نا اہل امیدواروں کو انہوں نے بحالی بھی دی۔ بکاش بھون میں سی بی آئی نے تلاشی مہم چلا کر ان نا اہل امیدواروں کی فہرست بھی ڈھونڈ نکالی اور اس فہرست میں پارتھو کے ہاتھوں لکھی ہوئی سفارش نامہ بھی تھا۔ سی بی آئی نے محنت سے کورٹ کے سامنے پارتھو چٹرجی کی کرتوت کو اجاگر کردیا کہ انہوں نے محض پیسے لیکر نا اہل امیدواروں کو نوکری کی آسانی پہنچائی۔ اب پارتھو کی اس کرتوت سے انہیں کتنے دنوں تک جیل کی صعوبت جھیلنی ہوگی یہ کہنا ذرا مشکل ہے۔

## شہر کے غیر قانونی عمارت پر نحوست

## ہائی کورٹ نے منہدم کرنے کی ہدایت جاری کردی

کولکاتا،3 رجنوری: زمین کو غیر قانونی طریقے سے ہڑپ کر کے ان پر عمارت بنانے کے خلاف ممتا بنرجی نے سخت قدم اٹھایا۔ اور ان کے کہنے کے 24 گھنٹے کے اندر ہائی کورٹ نے بھی اس فیصلے کی توثیق کردی۔ عدالت نے شہر میں 8 غیر قانونی تعمیرات کو منہدم کرنے کی ہدایت دیدی۔ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اس شیوانگم و ہرنموئے بھٹا چاریہ ڈویژن بنچ نے جمعہ جمعہ کو اس معاملے کی سماعت کرتے ہوئے واضح کردیا کہ جلد از جلد اس غیر قانونی تعمیرات میں بجلی و پانی کا کنکشن کاٹ دیا جائے۔ علاوہ ازیں جو بھی اس غیر قانونی عمارت میں مقیم ہیں اس پریوار کو جلد از جلد اس عمارت سے نکلنے کا آرڈر بھی دیدیا۔ غیر وارث ملکیت و غیر قانونی تعمیرات کے خلاف ہائی کورٹ میں مفاد عامہ عرضی ڈالی گئی تھی اس معاملے میں کیشب چندرا اسٹریٹ میں، راجہ راج نرائن اسٹریٹ میں ایک گریش بدیا رتن لین میں ایک ملکیت کا حوالہ دیا گیا تھا۔



شیبا سرے ہیلتھ کیمپ میں ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے ڈائمنڈ ہاربر میں مفت میڈیکل ایڈ کا فائدہ اٹھایا۔




ٹی ایم سی کے نیشنل جنرل سکریٹری ابھیشیک بنرجی ڈائمنڈ ہاربر میں طبی امداد مفت میں کرنے کا اہتمام کیا جس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

# سنسکرت، فارسی اور عربی کو توڑ بودیا

## اب ہندی کو برباد کرنے میں مودی حکومت آگے آگئے

خورشید فرازی

مرکزی حکومت کے خلاف ملک کے اعلیٰ اسکالروں اور دانشوروں نے اپنی زبان کھولی ہے اور اس کے بے معنی اقدامات نے لٹریری ادب کو تقریباً گمنام کردیا ہے۔ ادبی نکتہ نظر سے دیکھا جائے تو ان کی یہ شکایت غلط بھی نہیں ہے کیونکہ مرکزی حکومت نے گزشتہ پانچ برسوں سے سنسکرت، عربی، فارسی اور دیگر زبانوں کے اسکالروں کو ایوارڈ دینا بند کردیا ہے جسے مرکزی حکومت کی نظر میں متذکرہ زبانوں کی کوئی بھی اہمیت نہیں رہی، اسی لئے ان زبانوں کے اسکالروں کو ایوارڈ دینے کا سلسلہ روک دیا گیا ہے۔ ان اکسالروں کا کہنا ہے کہ مرکزی حکومت 1958 سے سنسکرت، عربی اور فارسی میں صدارتی ایوارڈ سرٹیفکیٹ دیتی رہی تھی بعد ازاں اس اسکیم میں توسیع کرکے پالی/پراکرت کو بھی 1996 سے ایوارڈ دینا شروع کیا اور کلاسیکل لینگویج جیسے کنڑ، تیلگو، ملیالم اور کلاسیکل اڑیہ لینگویج کو 2016 سے ایوارڈ دینا شروع کیا تھا۔ وزارت تعلیم نے ماہرین کی ایک کمیٹی کی تشکیل کی تھی جو ایوارڈ پانے والے اسکالروں کا انتخاب کرتی تھی۔ اور آر ٹی آئی کے ذریعہ وزارت تعلیم کے ڈیٹا سے پتہ چلا کہ ان میں سے کسی بھی زبان کو 2019 سے ایوارڈ نہیں دیا گیا ہے۔ اس اسکیم کے تحت ایک ایوارڈ صرف ایک مرتبہ مانیٹری گرانٹ 5 لاکھ روپے اور -/50,000 ہر سال تا زندگی پاتا رہے گا۔ علاوہ ازیں ایک سند اور ایک شال کا حقدار ہوتا تھا لیکن 2019 سے یہاں ''نو انٹر'' کا بورڈ لگا ہوا ہے لیکن مرکزی حکومت نے ایسا کیوں کیا، یہ سمجھ سے بعید بات ہے، کیا اسکالروں کو وہ فنڈ وزیراعظم اور وزیر داخلہ کی تنخواہ سے کاٹ کر دیا جارہا تھا جو اسے بند کردیا گیا ہے اور ظاہری بات ہے اسے بند کرانے میں وزارت تعلیم کی ملی بھگت ہے ورنہ اس کی مرضی معلوم کئے بغیر 2019 سے اس کا سلسلہ منقطع نہ کردیا جاتا۔ اس سلسلے میں معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ 15 ایوارڈ سنسکرت تین عربی، تین فارسی تیلگو، کنڑ، اڑیہ، ملیالم، پالی/پراکرت کے دیئے جاتے تھے۔ ایک سنیئر سرکاری افسر کے مطابق ملک کے وزیر تعلیم نے 2021 میں ایک کمیٹی کی تشکیل کی تھی جو ایوارڈ کے لئے مستحق اسکالروں کا انتخاب کرتی۔ لیکن یہ پینل نے کوئی کارروائی ہی نہیں کی جب اس پینل کی ایک بھی بیٹھک نہیں ہوئی۔ گزشتہ 3 برسوں کے دوران اس پینل کی ایک بھی میٹنگ نہیں ہوئی پھر متذکرہ لسانیاتی اسکالروں کا انتکاب کون کرتا، اس سلسلے میں بتایا گیا کہ مرکزی حکومت نہیں چاہتی کہ ان زبانوں کے اسکالروں کو ایوارڈ دیکر ان کلاسیک زبانوں کو بڑھانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ گزشتہ پانچ برسوں سے متذکرہ زبانوں کے کسی بھی اسکالر کو ایوارڈ نہیں ملے ہیں لیکن اسکیم اپنی جگہ پر موجود ہے لیکن ایوارڈ ینے کا سلسلہ بند کردیا گیا ہے۔ بنارس ہندو یونیورسٹی میں سنسکرت ودیا دھرم وگیان کے بھگوت چرن شکلا کا کہنا ہے کہ گزشتہ پانچ برسوں سے متذکرہ زبانوں پر ایوارڈ نہ دینا اس کا ثبوت ہے کہ اب یہ سلسلہ بند کردیا گیا ہے۔ ایک صدارتی ایوارڈ جو اس سلسلے میں دیا جاتا تھا وہ ہر اسکالر کے لئے باعث فخر ہوا کرتا تھا۔ آرٹ اور لٹریری ایوارڈ کا جاری رکھنا ضروری ہے تاکہ اس سبجیکٹ پر کام کرنے والوں کی ہمت افزائی ہوتی رہے۔ لیکن جب گزشتہ پانچ برسوں سے اس سلسلے میں کچھ بھی نہیں ہوا ہے تو پھر سوچ لینا چاہئے کہ اس کا سلسلہ ختم کیا جاچکا ہے۔ ہندی زبان کے بھی دو دیگر ایوارڈ کو روک دیا گیا ہے۔ سنٹرل ہندی ڈائریکٹوریٹ (سی ایچ ڈی) گزشتہ 60 برسوں سے مسلسل ہندی تار بھاسی ہندی لیکھک پرسکار ہندی ادباء کو دیتی رہی ہے جو غیر ہندی رائٹر غیر ہندی ریاستوں کے ہوتے تھے۔ اس ایوارڈ میں منفرد لیکھک، غیر فکشن اور ترجمہ کو دیا جاتا تھا۔ سکشا پرسکار ہندی ادباء کو دیا جاتا تھا یا غیر ہندی بولنے والے ادباء کو جو سائنس، سوشل سائنس اور فلسفہ و دیگر مضامین لکھتے تھے۔ چمن لال جیسے ہندی تار بھاسی ہندی پرسکار لیکھک ایوارڈ 2001 میں ملا تھا اس نے وہ ایوارڈ 2016 میں واپس کردیا جو بطور احتجاج تھا، یہ احتجاج نریندر مودی حکومت کے جواہر لال نہرو یونیورسٹی کے خلاف کارروائی کے سلسلے میں کیا گیا تھا۔ اور مودی حکومت کے لئے یہ بڑے شرم کی بات ہے کہ وہ جس شاہانہ انداز میں ہندی کو ترقی دینے کا اعلان کرتی رہی ہے اس نے اس پروقار ایوارڈ کا سلسلہ بند کرکے ہندی زبان کو گزند پہنچانے اور اسے برباد کرنے میں نمایاں رول ادا کیا ہے۔ اگر ماضی میں یہی کام اگر کسی کانگریسی وزیر کے ذریعہ ہوا ہوتا تو آج مودی حکومت اس کے پرخچے اڑاتی رہتی اور گودی میڈیا اس واقعے کو صبح سے رات تک اس قدر اچھالتی کہ بدہضمی ہونے کا گمان ہوتا اس وقت ہندی والوں نے منصوبہ بنایا ہے کہ وزیراعظم مودی کو اچھی طرح سے لپیٹا جائے اور اس سے پوچھا جائے کہ وہ جو ہندی کو بڑھانے اور ترقی دینے کی بات کرتے ہیں اور بلند بانگ دعوے کرتے ہیں اس میں کس قدر جملہ بازی ہے اور اس میں حقیقت کی آمیزش کس حدتک ہے!

☆



# 'ہندو غیر منقسم کنبہ' میں گھمسان!...

شرد گپتا

''رام مندر تعمیر کے بعد 'کچھ لوگوں' کو لگتا ہے کہ وہ نئی جگہوں پر اسی طرح کے ایشوز اٹھا کر ہندوؤں کے لیڈر بن سکتے ہیں۔ یہ قابل قبول نہیں ہے... ہر دن ایک نیا تنازعہ کھڑا ہو رہا ہے۔ اس کی اجازت کیسے دی جا سکتی ہے؟ اسے بند ہونا چاہیے، یہ جاری نہیں رہ سکتا۔'' 19 دسمبر کو پونے میں ایک تقریب کے دوران یہ الفاظ آر ایس ایس چیف موہن بھاگوت کے تھے۔

ہندو سَنتوں کے ادارہ 'اکھل بھارتیہ سَنت کمیٹی' ان کے اس بیان سے خوش نہیں نظر آیا اور اس نے بھاگوت کو ایسے معاملے ہندو سَنتوں کے لیے چھوڑ دینے کا مشورہ دیا۔ اتراکھنڈ میں جیوتر مٹھ پیٹھ کے شنکراچاریہ سوامی اویمکتیشورانند سرسوتی نے تنقید کرتے ہوئے بھاگوت پر الزام عائد کیا کہ انھوں نے بس وہی کہا جو انھیں اس وقت سیاسی طور پر سہولت آمیز لگا۔ 'ہندوستانی نظام علم کو فروغ دینے اور ہندو ثقافت و فلسفہ کی گہری سمجھ ہونے' کا دعویٰ کرنے والے ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم 'جئے پور ڈائیلاگس' نے لکھا: ''آر ایس ایس چیف ہندوؤں کے ترجمان نہیں ہیں اور ہم اپنی زمین کا ایک ایک انچ پھر سے حاصل کر کے رہیں گے۔'' آر ایس ایس کے ہفتہ واری ترجمان رسالہ 'پانچ جنیہ' اور 'آرگنائزر' نے بھی جب بھاگوت کے تبصروں کی تنقید کی تو صاف ہو گیا کہ آر ایس ایس کنبہ میں سب کچھ ٹھیک نہیں ہے۔

12 اکتوبر کو اپنے سالانہ دسہرا خطاب میں آر ایس ایس چیف نے لوگوں سے کہا تھا کہ ''تشدد کا سہارا نہ لیں، سماج کے ایک خاص طبقہ پر حملہ نہ کریں یا کسی دوسرے کے عقیدہ، عبادت گاہ، پاکیزہ کتاب یا ان کے نظریات یا الفاظ میں ان کے معبود کے تئیں خوف یا ہتک عزتی پیدا نہ کریں۔'' ان کی ان باتوں پر کٹر قیادت والے آر ایس ایس کنبہ میں اس وقت کوئی خاص رد عمل نہیں ہوا تھا، لیکن اس بار ماحول بدلا ہوا ہے۔ اسی دن جب بھاگوت نے بھائی چارہ میں اپنا بھروسہ ظاہر کیا، 'پانچ جنیہ' کے مدیر ہتیش شنکر بغیر کسی لاگ لپیٹ ان کو نظر انداز کرتے دکھائی دیے۔ اپنے دستخط شدہ اداریہ میں وہ نہ صرف قدیم مندروں کی 'تلاش' کے لیے جگہ جگہ چل رہی کھدائی کے دفاع میں اترے بلکہ ہندو وقار کی حفاظت کی کوشش کی شکل میں اس روش کی تعریف بھی کی۔

کچھ ہی دنوں کے بعد ایک دیگر میٹنگ میں بھاگوت نے کہا کہ کچھ لوگ سوچتے ہیں کہ وہ 'مندر-مسجد' کے ایشوز کو پھر سے بھڑکا کر ہندوو؟ں کے لیڈر بن سکتے ہیں، اور ہر بار یکساں سیاسی فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کا یہ بیان وزیر اعظم نریندر مودی کی تنقید کے طور پر دیکھا گیا، جنھوں نے نہ صرف رام جنم بھومی مندر کی بنیاد رکھی اور اس کا افتتاح کیا بلکہ اپنی عظیم حصولیابیوں میں سے ایک کی شکل میں مشتہر کرنے سے پیچھے نہیں

بھاگوت کا یہ بیان آنے کے چند منٹوں میں ہی ہندوتوا ٹرولس نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر ان کی تنقید کی جھڑی لگا دی، اور فطری طور سے انھیں بڑے ٹی وی چینلوں اور دیگر مین اسٹریم میڈیا ٹھکانوں پر ان کے من مطابق نشریہ کا وقت بھی ملا۔ نابینا سَنت سوامی رام بھدراچاریہ، جن کی دلیلوں نے مبینہ طور پر ایودھیا تنازعہ معاملہ میں سپریم کورٹ کے فیصلے کو مندر کی حمایت میں جھکا دیا تھا، کا تبصرہ تھا ''ایسا لگتا ہے کہ وہ کسی طرح کی تسکین پہنچانے والی سیاست سے متاثر ہیں۔''

جیوتر مٹھ شنکراچاریہ سوامی اویمکتیشورانند کا تبصرہ تھا ''جب انھیں اقتدار چاہیے تھا تو وہ مندروں کی بات کرتے گھومتے تھے۔ اب، جب ان کے پاس اقتدار ہے تو وہ دوسروں کو مندروں کی تلاش نہ کرنے کا مشورہ دے رہے ہیں۔'' بھولنا نہیں چاہیے کہ ماضی میں حملہ آوروں کے ذریعہ تباہ کیے گئے مندروں کی فہرست تیار کرنے اور 'ہندوؤں کے وقار کو بحال کرنے' کے لیے ان ڈھانچوں کا اے ایس آئی سروے کرائے جانے کا مشورہ بھی سوامی اویمکتیشورانند کا ہی تھا۔

گزشتہ 2 سالوں کے دوران موجودہ مساجد کے نیچے سے مندروں کا 'پتہ لگانے' کے لیے کھدائی کا مطالبہ کرنے والی کم از کم 6 عرضیاں علی گڑھ، غازی آباد، وارانسی، متھرا اور سنبھل کی ضلع عدالتوں میں داخل کی گئی ہیں۔ حالانکہ 12 دسمبر کو سپریم کورٹ نے جوں کا توں صورت حال بنائے رکھنے کا حکم دیتے ہوئے ماتحت عدالتوں کو آگے کسی بھی کھدائی سے متعلق حکم کے لیے اجازت دینے سے پرہیز کرنے کی ہدایت دی۔ اس کے بعد وارانسی کی گیانواپی مسجد، سنبھل کی شاہی جامع مسجد، بدایوں کی شمسی جامع مسجد اور جونپور کی اٹالہ مسجد میں کھدائی رک گئی۔

ویسے سپریم کورٹ کے حکم کو نظر انداز کرتے ہوئے اتر پردیش کے مختلف حصوں میں مندروں، باوڑیوں، شیولنگوں اور دیگر ہندو مذہبی ڈھانچوں کی کھدائی بے خوف جاری ہے۔ حالانکہ اس حقیقت کے بالکل برعکس ریاستی بی جے پی کے ایک بڑے لیڈر نے اعلان کیا کہ ''اتر پردیش میں یوگی آدتیہ ناتھ حکومت سپریم کورٹ کے احکامات پر عمل کر رہی ہے۔ عدالت کی اجازت کے بغیر اس نے کوئی بھی ذاتی یا مذہبی ڈھانچہ کو منہدم نہیں کیا ہے۔ لیکن اگر لوگ گاؤں یا کسی کالونی کے پاس کے علاقوں میں خود ہی کھدائی کرنا شروع کر دیں تو ہم اس میں کچھ نہیں کر سکتے۔ ا؟خر کار ہم ایک جمہوریت ہیں اور ہمیں لوگوں کی خواہش کا احترام کرنا ہوگا۔'' بھگوا بریگیڈ سالوں سے ہندوتوا سیاست کے شیر کی سواری کر رہا ہے۔ یہاں تک کہ نرم رو لوگ بھی شیر کا شکار ہونے کے خوف سے نیچے نہیں اترنا چاہتے۔ آر ایس ایس کنبہ کے کٹر رائٹ ونگ تو ہمیشہ سے ہی اپنے نرم رو لوگوں کو ہدف بناتے رہے ہیں، لیکن اس بار وہ اپنے ہی 'پتا مہہ'، اپنے سب سے سینئر لیڈر کے پیچھے پڑ گئے ہیں۔

ہندو کٹر پسندوں کے سوشل میڈیا پیغامات میں طنز (''موہن بھاگوت 'جی' کو اب مندر ڈھونڈنے میں بھی پریشانی ہو رہی ہے۔ ہندو ہردے سمراٹ یوگی آدتیہ ناتھ 'جی' ان سے لاکھ گنا بہتر ہیں جو سنبھل سے کاشی تک ہر دن کھدائی مہم چھیڑے ہوئے ہیں'') سے لے کر تنقید (''موہن بھاگوت سنبھل میں ہوئے تشدد اور ہندوؤں پر جاری مظالم کے بارے میں کچھ نہیں کہہ رہے ہیں'') خوب دکھائی دے رہی ہے۔

آسام کے وزیر اعلیٰ اور خود کو ہمیشہ 'سچ' کا علم بردار ماننے والے ہیمنت بسوا سرما کے ایک خود ساختہ حامی مرتیونجے کمار نے تو یہاں تک لکھ دیا کہ ''میں سبھی آر ایس ایس اراکین سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ موہن بھاگوت کو فوراً ان کے عہدہ سے استعفیٰ دینے کا مطالبہ کریں۔ بھاگوت اب دوسرے واجپئی بن گئے ہیں، اس لیے انھیں جلد از جلد عہدہ چھوڑنا ہوگا۔''

بھاگوت کے خلاف آوازیں جس طرح دن بہ دن تیز ہوتی جا رہی ہیں، وہ حیرت انگیز ہے۔ آر ایس ایس 'سر سنگھ چالک' ملک بھر میں ایک کروڑ سے زیادہ اراکین والی صدیوں پرانی تنظیم کا سب سے باوقار عہدہ ہے۔ 'ہندو غیر منقسم کنبہ' کے شرکا کا اس سے قبل کسی بھی آر ایس ایس چیف کی اتنی بری طرح اور عوامی طور پر مذمت نہیں ہوئی۔ لیکن کیا بھاگوت مخالف یہ مہم از خود پروان چڑھی ہے، یا اس کی جڑیں آر ایس ایس کنبہ کے کسی اندرونی خیمہ کی آبیاری کا نتیجہ ہے، جو بھاگوت کو باہر کا راستہ دکھانا چاہتے ہیں؟

سوال تو کئی اٹھ رہے ہیں... آر ایس ایس ترجمان رسالہ کا مدیر بھاگوت پر اتنا سیدھا حملہ کیسے کر سکتا ہے؟ کیا موہن بھاگوت نے آر ایس ایس کے اہم اراکین کا بھروسہ اور احترام گنوا دیا ہے؟ جب کٹر ہندوتوا کنبہ کو بھرپور فائدہ پہنچاتا نظر آ رہا ہے تب بھاگوت صبر سے کام لینے کی کوشش کیوں کریں گے؟ آر ایس ایس کیڈر بھاگوت کے خلاف کیوں ہو گیا؟ کیا بھاگوت اس حملے سے بچ پائیں گے؟ ان کے پاس متبادل کیا ہیں؟ کیا بھاگوت مخالف مہم کے پیچھے بی جے پی ہے؟ کیا بھاگوت پر اپنا جانشین مقرر کرنے کا دباؤ بڑھ رہا ہے؟

کچھ سیاسی مبصرین کا ماننا ہے کہ یہ سب محض ایک دکھاوا ہے۔ آر ایس ایس تو وقت وقت پر 'تقریباً مناسب بیان' دینے کے لیے جانا جاتا ہے۔ کچھ لوگ بیان کے 'وقت' سے متعلق بہت کچھ بول رہے ہیں، یہ یاد دلاتے ہوئے کہ مودی حال ہی میں پہلی بار کویت میں تھے، ایک عرب ملک کے ساتھ رشتے بنا رہے تھے، اور ایسے میں موہن بھاگوت کی رواداری پر مبنی آواز سفارتی ڈھانچہ میں سیاسی طور سے فٹ بیٹھتا ہے۔ اگر یہ کھنچاؤ جیسا لگتا ہے تو ممکن ہے ایسا ہو۔ اور ایک رائے یہ بھی ہے کہ بھاگوت پر حملہ درحقیقت کٹر پسند مفادات کو ہی متحد کرے گا، کہ وہ عدلیہ پر اپنے طرح سے دباؤ بنا سکیں اور آر ایس ایس-بی جے پی اپنے ہاتھ صاف دکھاتے ہوئے اُدھر سے آنکھیں موند سکیں۔ اب ہم یہ جاننے اور دیکھنے کے لیے انتظار تو نہیں کر سکتے کہ نئے سال میں اس سے بھی بدتر فرقہ وارانہ خوفناک خواب کیا ہونے والا ہے!

☆



روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | سنیچر، ۴ جنوری ۲۰۲۵ء

# عوامی لیگ کا بنگلہ دیش میں الیکشن

## میں حصہ لینا مشروط: چیف الیکشن کمشنر

بنگلہ دیش کے چیف الیکشن کمشنر اے ایم ایم ناصرالدین کے بیان نے بنگلہ دیش کے موجودہ عبوری انچارج محمد یونس کے تن من میں آگ لگادی ہے جب کہا گیا کہ بنگلہ دیش کی سابق حکمراں جماعت عوامی لیگ ملک کے جنرل الیکشن میں حصہ لے سکتی ہے اگر بنگلہ دیش کی حکومت یا عدلیہ عوامی لیگ پر پابندی عائد نہیں کرتی ہے اور اس ضمن میں کہا جاسکتا ہے کہ عدلیہ بھلے ہی عوامی لیگ پر پابندی عائد کرنے کے معاملے میں کسر نفسی سے کام لے اور فیصلہ سے زیادہ قانون پڑھانے اور معاملے کو ٹالنے کی کوشش کرے لیکن عبوری حکومت جس کے انچارج اس وقت محمد یونس ہیں وہ تو پہلی فرصت میں عوامی لیگ پر پابندی لگانے کا اعلان کردیں گے کیونکہ عبوری حکمراں کے طور پر محمد یونس روز اول سے اپنے موجودہ نگراں انچارج کی حیثیت سے مطمئن نہیں ہیں اور ان کی دلی خواہش ہے کہ ان کی عبوری حکمرانی مستقل حکمرانی میں تبدیل ہوجائے لیکن اس وقت چیف الیکشن کمشنر ناصرالدین کے بیان سے محمد یونس جھنجھلاہٹ میں مبتلا ہوگئے ہیں کیونکہ وہ ایسا سوچ بھی نہیں سکتے کہ الیکشن میں عوامی لیگ کو حصہ لینے کا موقع دیا جائے کیونکہ بنگلہ دیش کی پوری آبادی میں 65% لوگ ایسے ضرور ہیں جو اب بھی شیخ حسینہ کے طرفدار ہیں اور انہیں اچھی طرح سے معلوم ہے کہ شیخ حسینہ نے اپنے 15 سالہ دور حکومت میں صرف پاکستان کو چھوڑ کر ساری دنیا سے تعلقات قدرے بڑھائے تھے اور بنگلہ دیش کی خارجہ پالیسی اس حد تک بڑھ چڑھ کر کام کررہی تھی کہ ہندستان کے وزراءاعظم میں چاہے اندرا گاندھی ہو راجیو گاندھی یا نرسمہا راؤ، ڈاکٹر منموہن سنگھ ہوں بلکہ اٹل بہاری واجپیء اور نریندر مودی حکومت کے ساتھ تعلقات مضبوط اور دوستانہ تھے، لیکن اس وقت جبکہ محمد یونس عبوری حکمراں بن کر آئے ہیں اور صرف چند مہینوں کے اندر بنگلہ دیش کی خارجہ پالیسی کے ساتھ ساتھ داخلہ پالیسی بھی ہندستان مخالف ہوگئی جب ڈھاکہ کے ساحل پر کراچی کا جہاز لنگر انداز ہو جو پورے 52 سال بعد ایسا ہوا اور ایسے میں ہندستان کی داخلہ پالیسی کو بھی زبردست جھٹکا لگا جب محمد یونس نے پاکستانی وزیراعظم شہباز شریف کے ساتھ تعلقات بڑھائے، محمد یونس کا کہنا ہے کہ انڈیا یہ عذر پیش کرکے کہ ہندستان نے بنگلہ دیش کی جنگ آزادی میں بھرپور کردار ادا کیا اور یہ ہندستانی فوجوں کا کمال تھا جب پاکستان کی 90 ہزار فوجی دستوں نے ہتھیار ڈال دیئے تھے اور فوجوں کے جنرل نیازی نے ہتھیار ڈال دینے کے بعد شکست تسلیم کرتے ہوئے معاہدہ امن کے دستاویزات پر دستخط کئے تھے۔ چونکہ پاکستان کو 1971 کی جنگ میں شکست ہوئی تھی اور مشرقی پاکستان، بنگلہ دیش بنا تھا اور اسی دن سے پاکستان، ہندستان کے خلاف انتقام کی آگ میں جل رہا ہے۔ اس وقت موجودہ عبوری نگراں محمد یونس کا کہنا ہے کہ ہندستان گزشتہ 50 برسوں سے یہ حوالہ دیکر کہ انڈیا کی وجہ سے بنگلہ دیش کا وجود ہوا، اس نے بہت سارے ذرائع سے بنگلہ دیش کو نقصان پہنچایا اور بنگلہ دیش کی شرافت کا ناجائز فائدہ بھی اٹھایا۔ اس وقت محمد یونس جو کچھ بھی کہہ رہے ہیں ایسی کوئی بات گزشتہ 50 برسوں کے دوران نہیں سنی گئی اور ہندستان کبھی بھی اس حد تک نہیں جاسکتا کہ وہ بنگلہ دیش سے مفاد پرسی میں آمادہ ہو، کیونکہ ہندستان کبھی اس حد تک محتاج نہیں رہا۔ اس وقت چیف الیکشن کمشنر ناصرالدین نے کہا کہ اسے اس کی پوری آزادی ہے کہ وہ غیر جانبدارانہ طور پر الیکشن کرائیں اور وہ کسی بھی طرح سے کوئی دباؤ میں نہیں آئیں گے۔ اور ہم بنگلہ دیشی عوام کو یقین دلاتے ہیں کہ الیکشن آزادانہ اور مضنفانہ ہوگا اور پوری طرح سے ٹرانسپیرنٹ ہوگا، انہوں نے کہا مجھے معلوم ہے کہ ووٹر لسٹ میں بہت سارے جعلی نام گزشتہ کئی برسوں سے چل رہے ہیں لیکن اس مرتبہ ووٹر لسٹ کی تیاری بہت ہی دانشمندانہ طریقے سے ہوگی۔ اور ہم لوگ اس وقت ووٹر لسٹ کو اپ ڈیٹ کررہے ہیں جس کے بعد بوگس ووٹروں کی شمولیت کا کوئی سوال ہی نہیں پیدا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ چھ مہینوں کے اندر اپ ڈیٹ ووٹر لسٹ تیار ہوجائیں گے۔

اب اس اعلان کے بعد کہ نیا ووٹر لسٹ آئندہ چھ مہینوں میں تیار ہوگا تو دیگر انتخابی عمل، نیا ووٹر کارڈ، ان سب کے تیار ہونے میں کئی ماہ لگیں، یعنی اس کا اندازہ کرلیا جائے الیکشن کم از کم 2025 میں ناممکن ہے اور 2026 میں الیکشن اس وقت کرایا جاسکتا ہے جب محمد یونس پورے حالات کا جائزہ لیکر اس کا اعلان کریں گے کہ الیکشن کے لئے فضا سازگار ہے، لیکن فی الحال تو یہ سوچا بھی نہیں جاسکتا کہ محمد یونس فضا کی سازگاری کا باقاعدہ اعلان کرینگے۔ اگر الیکشن ہوا تو انہیں چیف عبوری نگراں کی حیثیت سے اس شاہی بنگلے کو چھوڑنا ہوگا جس میں وہ ابھی پورے خاندان درخاندان کے ساتھ رہائش پذیر ہیں اور یہ آرام اور عیش وعشرت انہیں برسوں کی انتھک کوششوں کے بعد حاصل ہوئے ہیں اور وہ ہرگز نہیں چاہیں گے کہ شیخ حسینہ دوبارہ اقتدار پر قبضہ کرے اور انہیں پھر سے کھلنا یا سلہٹ کے بدنام زمانہ جیل بھیج دے۔ محمد یونس جو 90 دن کے لئے عبوری حکمراں کے طور پر آئے تھے اب وہ 9 0 کے بجائے 900 یا 9000 دنوں کے بعد ہی اقتدار سے سرکنے کی سوچیں گے، بھلا اقتدار چھوڑنا انہیں کب پسند ہوگا۔ (خ الف ف)

# آسنسول کے ایک نجی اسپتال پر لگا طبی لاپرواہی اور لاش روکنے کا الزام



آسنسول:3 جنوری (عوامی نیوز سروس) آسنسول شہر کے سینٹرل روڈ پر واقع ایک پرائیویٹ اسپتال پر ہیلتھ ورلڈ میں ایک مریض کی موت کی وجہ سے طبی لاپرواہی کا الزام لگایا گیا ہے اگر پورا میڈیکل بل ادا نہ کیا جائے تو مریض کی لاش لواحقین کو دینے سے انکار کردیا جاتا ہے اہل خانہ کی شکایت ہے کہ پہلے 4 لاکھ 36 ہزار روپے ادا کرنے کے بعد مزید 5 لاکھ روپے کا مطالبہ کیا گیا لیکن اہل خانہ نے ہسپتال کے حکام کو اس رقم کی ادائیگی کے لیے مالی وسائل کی کمی کے بارے میں آگاہ کیا لیکن پھر بھی لاش نہیں دی گئی جس کی وجہ سے متوفی مریض کے لواحقین نے آج صبح اسپتال کے سامنے آکر احتجاج شروع کردیا جس سے ہسپتال میں سنسنی پھیل گئی خبر ملتے ہی آسنسول نارتھ پولیس اسٹیشن اسپتال پہنچے بالآخر 22 گھنٹے بعد پولیس انتظامیہ، محکمہ صحت اور نیوز میڈیا کے دباؤ پر لاش حوالے کردی گئی آسنسول درگاپور پولیس کمشنر سنیل کمار چودھری کو متوفی کے اہل خانہ کی طرف سے لکھے گئے خط کے ذریعے آج پورے واقعہ کی جانکاری دی گئی اسی طرح مغربی بردوان کے ضلع چیف ہیلتھ آفیسر یا سی ایم او ایچ ڈاکٹر یونس خان کے پاس بھی شکایت درج کرائی گئی ہے، اس شکایت کی بنیاد پر سی ایم او ایچ نے ایک ٹیم تشکیل دی اور پورے واقعہ کی تحقیقات کا حکم دیا، زیر علاج مریض جو اسپتال ہی میں فوت ہو گیا، اس کا نام 53 سالہ کنٹل ساہا ساکن بنک کالونی، دھنباد، جھارکھنڈ ہیا سنسول ڈسٹرکٹ اسپتال میں متوفی مریض کی لاش کا پوسٹ مارٹم کیا گیا، آسنسول نارتھ پولیس اسٹیشن میں غیر فطری موت کا الگ مقدمہ درج کر لیا گیا لیکن اسپتال نے اس بات کی تردید کی ہے کہ مریض کی موت طبی غفلت کے باعث ہوئی بقیہ رقم ان کی مانگ کے مطابق بل دے کر مانگی گئی اب جب لواحقین کی جانب سے محکمہ صحت اور پولیس کو شکایت درج کرائی گئی ہے۔اطلاع کے مطابق دھنباد کے رہنے والے کنٹل ساہا کو 2 دسمبر کو گھر میں دل کا دورہ پڑا اسی دوران انہیں برین ہیمرج ہو گیا اس کے خاندان والوں نے اسے 6 دسمبر کو سینٹرل روڈ آسنسول کے ایک پرائیویٹ اسپتال میں داخل کرایا گذشتہ سہ پہر اسی اسپتال میں ان کا انتقال ہوگیا۔اس سلسلے میں کنٹل بابو کے بیٹے اریترو ساہا نے بتایا کہ گزشتہ 6 دسمبر کو والد کو اس اسپتال کے نیورو ڈپارٹمنٹ میں داخل کرایا گیا 17 دسمبر کو ہمیں بتایا گیا کہ مریض کی جسمانی حالت خراب ہیا نہیں وینٹیلیشن میں داخل کرایا گیا ہے لیکن سرجری کے بعد والد کو نیورولوجسٹ کے بجائے جنرل پریکٹیشنر کے پاس بھیج دیا گیا انہوں نے مزید کہا کہ 17 دسمبر سے یکم جنوری تک وینٹیلیشن ٹریٹمنٹ جاری رہا پھر بتایا جاتا ہے کہ والد کا انتقال ہوگیا ہے۔اس دوران، ہم نے اپنے والد کے علاج کے لیے تقریباً 4.5 لاکھ روپے جمع کرائے تھے لیکن اب والد کی لاش دینے کے لیے مزید 5 لاکھ روپے کا مطالبہ کیا گیا ہے کہا جارہا ہے کہ اگر یہ رقم نہ دی گئی تو لاش نہیں دی جائے گی ہم نے پہلے کہا تھا کہ اب ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں اس نے بتایا کہ وہ اپنے والد کے علاج کے لیے جھارکھنڈ سے آسنسول آیا تھا۔ہسپتال کے حکام ہمیں اس حوالے سے کوئی معلومات نہیں دے رہے کہ والد کا کیا علاج ہوا، کیا دوائیں دی گئیں، کس قسم کے ٹیسٹ کرائے گئے ہمیں لگتا ہے کہ والد کی موت طبی لاپرواہی سے ہوئی نبی ساہا کا کہنا ہے کہ کنٹل ساہا خاندان کا واحد کمانے والا تھا۔اب ان کی موت کے بعد ان کا پورا خاندان مشکل میں ہیا س کے باوجود اسپتال ان کے اہل خانہ سے 5 لاکھ روپے کا مطالبہ کررہا ہے نیوز میڈیا کی مدد سے ہمیں لاش دی گئی انہوں نے مزید کہا اس سلسلے میں متوفی کے اہل خانہ کی طرف سے پولیس کمشنر اور محکمہ صحت سے پہلے ہی شکایت درج کرائی گئی ہے اگر ضرورت پڑی تو میں اس معاملے کو لے کر وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی سے رجوع کروں گا اس سلسلے میں سی ایم او ایچ نے کہا کہ شکایت موصول ہوئی ہے اس الزام کی تحقیقات کے لیے ٹیم تشکیل دی جارہی ہے اگر کوئی غلطی پائی گئی تو کارروائی کی جائے گی۔

# برن پور آئی ایس پی کے ٹھیکیدار ملازمین کے لئے ٹریننگ مرکز



آسنسول:3 جنوری (عوامی نیوز سروس) آئی ایس پی میں کام کرنے والے کنٹریکٹ ورکرز کی مہارت کی ترقی کے لیے وقف ایک جدید ترین صلاحیت اور قابلیت کی ترقی کے مرکز (CCDC) کا ڈائریکٹر انچارج بی پی سنگھ نے افتتاح کیا مکینیکل اور برقی مضامین میں عملی تربیت کی بڑھتی ہوئی ضرورت کو پورا کرنے کے مقصد سے تیار کیا گیا، یہ سنٹر SAIL میں اپنی نوعیت کا پہلا مرکز ہے اس میں ویلڈنگ، گیس کٹنگ، ریگر اور فٹر ٹریننگ کے لیے خصوصی ورکشاپس ہیں جو مکمل طور پر اندرونی وسائل کا استعمال کرتے ہوئے تیار کی گئی ہیں۔اس اقدام سے پلانٹ کی کارروائیوں میں شامل ٹھیکیداروں کے لیے حفاظتی معیارات کو تیار اور انضمام کرنے اور معیار اور حفاظت کو فروغ دینے میں مدد ملے گی، ہر قسم کی جدید سہولیات سے آراستہ اس سنٹر کو ملک کے معروف ووکیشنل ٹریننگ سنٹرز کی طرز پر تیار کیا گیا ہے 1936 میں تعمیر کی گئی ایک ورثہ عمارت میں واقع یہ مرکز ابتدائی طور پر برن پور پرائمری اسکول کا کیمپس تھا۔اس کا صحیح استعمال کرتے ہوئے اب پلانٹ سے وابستہ اہلکار اس میں ہر قسم کی تربیت سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔

## برنپور اور کلٹی میں تین حادثے، ریلوے ملازم سمیت تین افراد کی موت

آسنسول: 3 جنوری (عوامی نیوز سروس) برن پور اور کلٹی میں تین الگ الگ سڑک حادثات میں ایک ریلوے ملازم سمیت تین افراد کی موت ہوگئی مرنے والوں میں ریلوے ملازمین 45 سالہ چندن کمار ورما ساکن کے ایس روڈ، دیپو پاڑا، 32 سالہ سنیل راجک ساکن براکر اور وویک کمار ساہ ساکن میھی جام شامل ہیں، تینوں کی لاشوں کا پوسٹ مارٹم دوپہر آسنسول ڈسٹرکٹ اسپتال میں کیا گیا۔اطلاع کے مطابق صبح جھارکھنڈ کے میھی جام کے کرشن نگر کے رہنے والے وویک کمار ساوا اپنے کچھ دوسرے دوستوں کے ساتھ موٹر سائیکل کے ذریعے میتھن پر آئے تھے وہ شام کو گھر لوٹ رہے تھے۔اس کے بعد کلیا نیشوری-ڈینڈوا روڈ پر ڈینڈوا سے آنے والے ایک ڈمپر نے وویک کی موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی ڈمپر نے ایک اور موٹر سائیکل اور ایک آٹو کو بھی ٹکر ماردی اس واقعہ میں وویک کمار ساوا اور اس کے دوست سدھیر یادو سمیت پانچ افراد شدید زخمی ہوگئے۔وویک کی اسپتال میں موت ہوگئی۔ریلوے ورکر چندن کمار ورما رات برن پور سے موٹر سائیکل پر آسنسول میں اپنے گھر لوٹ رہے تھے برن پور کے ریور سائیڈ علاقے میں اسے ایک کار نے ٹکر ماردی وہ سڑک پر گر کر شدید زخمی ہو گیا۔وہاں سے اسے ریلوے ڈویژنل اسپتال آسنسول لایا گیا جہاں ڈاکٹر نے اس کا معائنہ کیا اور اسے مردہ قرار دیا اسی طرح رات کو کلٹی تھانہ علاقہ کے براکر کا رہنے والا سنیل راجک موٹر سائیکل پر گھر لوٹ رہا تھا، وہ اپنے گھر کے قریب سڑک پر تیز رفتاری سے سپیڈ بریکر عبور کرتے ہوئے موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہوگیا۔انہیں آسنسول کے ایک پرائیویٹ اسپتال میں داخل کرایا گیا جہاں صبح ان کی موت ہوگئی اسطرح تین حادثے میں تین افراد جاں بحق ہوگئے۔

# جموڑیہ: کوئلے کی غیر قانونی کان میں شخص گرنے سے خوف وہراس، امدادی کام جاری



آسنسول: 3 جنوری (عوامی نیوز سروس) مغربی بردوان کے جموڑیہ علاقے کے کاٹا گوریہ گاؤں میں ایک افسوسناک واقعہ سامنے آیا ہے جہاں ایک شخص کوئلے کی غیر قانونی کان میں گر گیا۔اس واقعہ سے علاقے میں سنسنی پھیل گئی ہے۔مقامی لوگوں کے مطابق ایک شخص صبح رفع حاجت کے لیے نکلا تھا وہ نادانستہ طور پر گاؤں کے قریب واقع ایک ترک شدہ کوئلے کی کان کے کھلے گڑھے میں جا گرا غیر قانونی کان کنی کی وجہ سے یہ کان پہلے ہی خطرناک حالت میں تھی اور اس کی مرمت یا حفاظت کے لیے کوئی اقدامات نہیں کیے گئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس اور فائر بریگیڈ کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں راحت اور بچاؤ کام تیزی سے شروع کر دیا گیا ہے فائر فائٹرز کان کے اندر اترنے کے لیے خصوصی آلات استعمال کر رہے ہیں۔امدادی کاموں میں کئی چیلنجز سامنے آرہے ہیں کان کی کمزور ساخت کی وجہ سے ہر قدم پر احتیاط برتنی پڑتی ہے کان کے اندر آکسیجن کی کمی اور گہرائی کی وجہ سے صورتحال مزید مشکل ہو گئی ہے واقعہ کے بعد گاؤں والوں میں غصہ دیکھا جارہا ہے انہوں نے الزام لگایا کہ اس علاقے میں برسوں سے غیر قانونی کانکنی جاری ہے لیکن انتظامیہ نے اسے روکنے کے لیے کوئی سخت قدم نہیں اٹھایا ان کا کہنا ہے کہ اس غفلت کی وجہ سے ایسے حادثات ہوتے رہتے ہیں۔پولیس ذرائع سے خبر ہے کہ امدادی کام جاری ہے اور اس شخص کو جلد سے جلد باہر نکالنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ساتھ ہی انتظامیہ نے کان کی حالت کی جانچ کرنے اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے اقدامات کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔یہ واقعہ غیر قانونی کانکنی کے خطرات اور انتظامیہ کی لاپرواہی پر سنگین سوالات اٹھاتا ہے اس وقت پورے علاقے کی نظریں اس بات پر لگی ہوئی ہیں کہ ریسکیو آپریشن کامیاب ہوگا یا نہیں۔

# آسنسول میونسپل کارپوریشن اور سیل ایسکو کے درمیان تنازعہ

آسنسول:3 جنوری (عوامی نیوز سروس) آسنسول میونسپل کارپوریشن اور سیل آئی ایس پی کے درمیان تنازعہ کے درمیان عام خواتین نے برن پور شہر کو خوبصورت بنانے کے لیے اس کی دیکھ بھال کی ذمہ داری اٹھائی کونسلر اشوک رودرا سمیت شہریوں نے الزام لگایا کہ سیل کے آئی ایس پی افسران، جن کو یہ ذمہ داری ملنی چاہیے بار بار ہمارے (آسنسول میونسپل کارپوریشن) کے کسی بھی ترقیاتی کام میں اپنی سیکورٹی کے مسائل سے رکاوٹ ڈال رہے ہی پہلے ٹاؤن پوجا چوراہے پر ہائی ماسٹ لائٹ لگانے اور پھر برن پور میں دو مقامات پر آئی لو برن پور سیلفی پوائنٹ لگانے کا معاملہ سامنے آیا ہم نے انہیں مثبت جواب کی امید میں بارہا خطوط بھیجے لیکن ہمیں کوئی جواب یا تعاون نہیں ملا ہم سب جانتے ہیں کہ ایسکو کے اکثر افسران باہر سے کام کرنے آتے ہیں اور پھر یہ شہر چھوڑ دیتے ہیں۔اس لیے وہ کسی بھی طرح سے ہمارے احساسات یا کلچر کو سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے آج میرا صبر ٹوٹ گیا اس لیے خواتین سڑک پر آگئی ہیں وارڈ کونسلر اشوک رودرا نے الزام لگایا کہ یہ افسوسناک ہے کہ آئی سی او انتظامیہ کی جانب سے لوگوں کی ترقی کے لیے کیے جانے والے کاموں کو نظر انداز کیا جا رہی ہے ترقیاتی کاموں میں رکاوٹیں ڈالی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس علاقے میں آئیسکو کے کئی مقامات پر سماج دشمن عناصر کی جانب سے آئیسکو کے سیکورٹی اہلکاروں اور اہلکاروں کی ملی بھگت سے ناجائز تجاوزات کی گئی ہیں۔اگر اسکو اپنی جگہ کی تزئین وآرائش کرنا چاہتا ہے تو وہ ان جگہوں کو خالی کرے۔آسنسول میونسپل کارپوریشن جہاں ترقیاتی کام کررہی ہے وہاں رکاوٹیں کھڑی کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ آئی سی او کی جانب سے برن پور کی حقیقی ترقی کے لیے کچھ نہیں کیا گیا۔ آسنسول میونسپل کارپوریشن کے ذریعہ بازار کے علاقے میں سڑکیں تعمیر کی گئی ہیں ہائی ماسٹ لائٹ لگائی گئی لیکن ایسکو ہمیشہ ترقیاتی کاموں میں رخنہ پیدا کرتی ہے۔

☆

# آسنسول وارڈ 46 میں کچھ لوگوں نے کیا حملہ



آسنسول: 3 جنوری (عوامی نیوز سروس) آسنسول میونسپل کارپوریشن کے وارڈ نمبر 46 کے تحت تنتی پاڑا علاقے کے لوگوں نے الزام لگایا کہ کل رات کچھ نوجوانوں نے ان کے علاقے میں کئی گھروں پر حملہ کردیا تقریباً 15 سے 20 نوجوان آئے اور ان کے گھر پر حملہ اور ہوئے وہ زبردستی گھر میں گھسنا چاہتے تھے اور تپن نامی نوجوان کو تلاش کررہے تھے خاتون نے بتایا کہ جب انہوں نے کہا کہ اس گھر میں تپن نامی کوئی نہیں رہتا تو نوجوانوں نے خاتون کو دھکا دیا خاتون نے بتایا کہ وہ کسی طرح گھر کا دروازہ بند کرنے میں کامیاب ہوئی لیکن پھر بھی نوجوان گھر پر پتھر برساتے رہے خاتون نے بتایا کہ جس وقت یہ واقعہ پیش آیا اس وقت ان کے گھر میں کوئی مرد موجود نہیں تھا۔حملہ کیوں ہوا یا کس نے کیا اس کی اطلاع مقامی کونسلر کو دی گئی اور واقعے کے بعد پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی وشواجیت داس نامی آٹو ڈرائیور نے بتایا کہ کل جب وہ آٹو لے کر آرہا تھا تو اس نے دیکھا کہ کچھ لوگ اس کے بھائی اور والد کو ماررہے ہیں جب اس نے مداخلت کرنے کی کوشش کی تو اس کی بھی پٹائی کی گئی اور اس سے چاندی کی چین اور سونے کی بالی چھین لی۔

# سیل کے آئی ایس پی افسر کی بیٹی سمرجنی پال دہلی یوم جمہوریہ پریڈ کے لیے منتخب



آسنسول: 3 جنوری (عوامی نیوز سروس) برن پور ریور سائیڈ اسکول کی 11 ویں جماعت کی ہونہار طالبہ سمرجنی پال کو دہلی میں منعقد ہونے والے یوم جمہوریہ تقریب کے پریڈ میں حصہ لینے کے لئے منتخب کیا گیا۔اطلاع کے مطابق سبرتو پال سیل آئی ایس پی کے سیکشن آفیسر، ای ڈی (فنانس اینڈ اکاؤنٹس) ڈپارٹمنٹ کی بیٹی سمرجنی پال کو راج پتھ دہلی میں یوم جمہوریہ پریڈ میں شرکت کے لیے منتخب کیا گیا ہے نئی دہلی این سی سی (نیشنل کیڈٹ کور) کے ذریعہ منتخب کیا گیا برن پور ریور سائیڈ اسکول کی 11 ویں جماعت کی طالبہ ہے۔اس نے پہلے موقع پر این سی سی میں شمولیت اختیار کی اور یہاں تک کہ گزشتہ سال برن پور اسٹیڈیم میں یوم آزادی کی پریڈ میں اپنے اسکول کے دستے کی قیادت کی بعد میں اس نے مختلف کیمپوں میں این سی سی کی نمبر 10 بنگال بٹالین کی نمائندگی کی اور بول پور اور شانتی نکیتن کیمپوں کے ساتھ ساتھ بردوان ضلع میں بہترین کیڈٹ قرار پائی کلیانی اور کولکتہ کے کیمپ میں تین ماہ کی سخت تربیت کے بعد بالآخر اسے نئی دہلی میں یوم جمہوریہ کی تقریبات میں شرکت کے لیے منتخب کیا گیا۔وہ 27 دسمبر کو ہی نئی دہلی روانہ ہوئیں ان کے والد سبرت پال ایک ماسٹر ایتھلیٹ اور فٹ بال کھلاڑی ہیں جنہوں نے حال ہی میں کون نگر میں 39 ویں مغربی بنگال اسٹیٹ ماسٹرز ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں حصہ لیا اور تین مقابلوں 100 میٹر رن، لمبی چھلانگ اور ٹرپل جمپ میں طلائی تمغہ جیتا تھا۔

# نو سالہ کراٹے اسٹار برنپور کی آشی نے ایک بار پھر کیا کمال

آسنسول:3 جنوری (عوامی نیوز سروس) برن پور ریور سائیڈ اسکول کی کلاس 3 کی طالبہ آشی سریواستو نے صرف 9 سال کی عمر میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے اس نے ہندو یونیورسٹی انڈور اسٹیڈیم، وارانسی میں منعقدہ 22 ویں آل انڈیا انٹر اسکول اینڈ سینئر کراٹے چیمپئن شپ فیڈریشن کپ 2024 میں 1 طلائی اور 1 چاندی کا تمغہ جیت کر سب کا دل جیت لیا آشی کے والد انوپ کمار سریواستو نے کہا کہ مجھے ایک باپ کے طور پر بہت فخر محسوس ہوتا ہے۔آشی نے خود کراٹے کا انتخاب کیا وہ بچپن سے ہی محنتی ہے مجھے امید ہے کہ مستقبل میں وہ ہندوستان کو دنیا میں مشہور کرنے کے لیے اور بھی زیادہ محنت کرے گی آشی کے کوچ مسٹر سنکو بنرجی نے کہا، آشی میری پسندیدہ طالبہ ہیوہ پانچ سال کی عمر سے مجھ سے کراٹے سیکھ رہی ہے انہوں نے ہر مقابلے میں اپنی صلاحیت کا لوہا منوایا ہے اس نے وارانسی میں دیگر ریاستوں کے حریفوں کے خلاف شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور 1 گولڈ اور 1 سلور جیتا اگر وہ بیمار نہ ہوتیں تو چاندی کا تمغہ بھی سونے میں بدل جاتا، اس میں غیر معمولی ہنر اور محنت کرنے کی صلاحیت ہے برن پور ریور سائیڈ اسکول کے اساتذہ اور پرنسپل آشی کی کامیابی سے بے حد خوش ہیں۔انہوں نے کہا کہ آشی نہ صرف ہمارے اسکول بلکہ پورے علاقے کا فخر ہے ہم آشی کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں آشی نے کہا میں پانچ سال کی عمر سے کراٹے سیکھ رہی ہوں میں ہر دن اور مستقبل میں سخت محنت کرتا ہوں میں مزید محنت کرنا چاہتا ہوں میرے والد میری سب سے بڑی تحریک ہیں میں ہر مقابلے میں اپنی قابلیت ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔

# حکومت مغربی بنگال ہائی کورٹ سے 7 دنوں کی مہلت مانگی

# پرانی بسوں کے سماعت کے لئے عدالت نے عرضی منظور کرلی

کولکاتا،3 جنوری: اب 15 برس تک چلنے والی بسوں پر بھی آفت آیا۔اتنے پرانے بسوں کو فوری باطل کرنے پر ریاستی حکومت نے عدلیہ سے کچھ اور مہلت مانگی۔ دراصل شہر کو آلودگی سے بچانے کے لئے نیشنل گرین ٹریبونل نے 15 برس پرانی بسوں کو منسوخ کرنے کا آرڈر دیدیا ہے۔رپورٹ میں ٹریبونل نے یہ صاف کردیا ہے کہ 15 برس سے زیادہ عمر کی بسیں اب شہر کولکاتا میں چلنے نہیں دیا جائے گا اس سے شہر کی آلودگی زیادہ بڑھے گی۔ٹریبونل ہدایت کی طرح حکومت مغربی بنگال نے بھی پرانی بسوں، ٹرک، لاری، ٹیکسی و آٹو کو شہر میں چلنے سے منسوخ کرایا ہے۔اس آرڈر کے سامنے آتے ہی بسوں کے مالکان کی حالت پتلی ہوگئی ہے۔بسوں کے مالکان نے عدالت میں اپنے دفاع کے لئے یہ عرضی ڈالی ہے کہ عمر نہیں بلکہ بس کی بہتر حالت پر غور و جانچ کرنے کے بعد ایسا فیصلہ لینا چاہئے۔بس مالکان کی یونین نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ چھ برس بسیں چلنے کے بعد کرائے میں کوئی اضافہ نہیں ہوا۔ایسے میں یا تو کرایہ بڑھانے کا حکم ہو ورنہ بسیں منسوخ کرنے کے لئے مقرری تاریخ کا اعلان کریں۔بسوں کے مالکان نے 15 برس کے بجائے 20 برستوں تک کی رعایت دینے کی بات کہہ کر عدالت سے رجوع کیا ہے۔اب ریاستی حکومت عدالت سے 7 دنوں کا وقت مانگا ہے جسے عدالت نے منظور کرلیا ہے۔

## بھاجپا رکن دلی اجلاس میں مالیاتی ترقی کے ترجمان ہونگے، اسمبلی میں اس فیصلے پر بحث کا بازار بھی گرم ہوگیا

کولکاتا،3 جنوری: مالیاتی سطح کی ترقیات کو لیکر اس وقت ریاست و ملک میں قدر و قیمت کو لیکر بحث چھڑ گئے ہیں جس کا منچ ہے دہلی۔ ہر ایک ریاست کے کارکن اسمبلی کو اس منچ کے لئے نمائندہ بنا کر بھیجا جاتا ہے۔بنگال سے اس بار دو افراد کو منتخب کیا گیا ہے 16 و 17 جنوری کے دو دن اجلاس میں ترنمول کانگریس کے نمائندہ بن کر لال گولہ کے رکن اسمبلی محمد علی و بھاجپا کے نمائندے علی پور دوار کے رکن اسمبلی سمن کنجی لال دہلی جائیں گے۔پی آر ایس انڈیا ہر بار یہ اجلاس منعقد کرتا آیا ہے۔اس بار بھی اس اجلاس میں دہلی جائیں گے۔بنگال کے دو منتخب پارٹی کے نمائندے۔سوال یہ اٹھتا ہے کہ سمن کیوں بھاجپا کی طرف سے نمائندگی کرینگے؟ اب تو وہ ترنمول پارٹی کے رکن ہوگئے ہیں۔اسمبلی ذرائع کے مطابق سمن اگرچہ ترنمول پارٹی میں شریک ہوگئے ہیں مگر وہ رکن اسمبلی سے استعفیٰ دیکر برسر اقتدار میں نہیں آئے ہیں۔تو اسمبلی کے کھاتے میں سمن ابھی بھی بھاجپا کے رکن اسمبلی ہیں یہاں بھی ایک سوال ابھرتا ہے تو سمن بھاجپا کا ہے تو بھاجپا بورڈ ان کو رکن کی حیثیت کیوں نہیں دیا؟ کیا وہ اس اجلاس میں رکن اسمبلی کے حق میں نہیں ہیں بتایا جاتا ہے کہ گزشتہ برس شانتا نو پرامنک اس اجلاس میں جانے کی خواہش ظاہر کی تھی۔مگر بھاجپا اس اجلاس میں شرکت کروانے کا اپنا ارادہ نہیں ظاہر کیا۔

## صفحہ اول کا بقیہ

**بقیہ:** ملن اتسو سبھی لوگوں

ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کے سائبر سیکیورٹی آف ایکسیلنس کے زیر نگرانی ہے۔صحت اور تعلیم کے شعبے میں کام کرنے والی ان این جی اوز کو بااختیار بنانے اور بیداری پیدا کرنے کے لیے عوامی خدمات کے لیے ایک این جی او چلانے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کے لیے ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا ہے۔یہ اتسو ذات، عقیدہ اور مذہب سے قطع نظر تمام لوگوں کے لیے ملاقات کا میدان ہے۔

**بقیہ:** وزیر اعظم مودی نے

کونسل کے صدر سید نصیر الدین چشتی نے وزیر اعظم مودی کے اس قدم کا خیر مقدم کیا ہے۔سید نصیر الدین چشتی نے آئی اے این ایس سے بات کرتے ہوئے کہا، "یہ ایک قدیم روایت ہے۔1947 میں ملک کی آزادی کے بعد سے ہر وزیر اعظم نے اس عرس میں چادر پیش کی ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی نے 2014 میں اقتدار میں آنے کے بعد اس روایت کو برقرار رکھا ہے۔" انہوں نے مزید کہا، "وزیر اعظم مودی نے پچھلے 10 سالوں میں اس روایت کو نہ صرف جاری رکھا ہے بلکہ پورے عقیدت اور احترام کے ساتھ نبھایا ہے۔"

**بقیہ:** راجستھان: ادے پور میں

داخل کرایا گیا ہے۔اس حادثہ کی جانکاری ملتے ہی پولیس ایمبولنس کے ساتھ موقع پر پہنچی۔ پولیس نے سڑک پر زخمی حالت میں پڑے لوگوں کو دیکھا جو درد سے بے حال تھے۔پہلی فرصت میں پولیس نے سبھی زخمیوں کو ایمبولنس کے ذریعہ قریبی اسپتال میں داخل کرایا، جہاں ڈاکٹروں نے جانچ کے بعد 4 خواتین اور ایک بچی کو مردہ قرار دے دیا۔حادثہ کے بعد ٹریلر کا ڈرائیور ٹریلر چھوڑ کر فرار ہوگیا۔پولیس نے ملزم ڈرائیور کے خلاف کیس درج کر اس کی تلاش شروع کردی ہے۔

**بقیہ:** اسرائیل کی غزہ میں

کارروائیاں کیں۔اسرائیل کی ان تمام کارروائیوں میں کم از کم 57 افراد کی اموات ہوئی ہے۔غزہ کی وزارتِ داخلہ کے مطابق المواسی کیمپ میں کیے جانے والے اسرائیلی حملے میں محکمہ پولیس کے ڈائریکٹر جنرل محمود صلاح اور ان کے مشیر حسام شاہوان ہلاک ہوئے ہیں۔اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ المواسی کے علاقے میں انٹیلی جنس بنیاد پر کی جانے والی کارروائی میں حسام شاہوان کو ختم کردیا ہے۔تاہم اسرائیلی فوج نے حملے میں غزہ پولیس چیف کی ہلاکت کا ذکر نہیں کیا ہے۔اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ شاہوان جنوبی غزہ میں فلسطینی عسکری گروپ حماس کی فورسز کے سربراہ تھے۔اقوامِ متحدہ کے ادارہ برائے فلسطینی پناہ گزین (یو این آر ڈبلیو اے) کے سربراہ فلپی لزارینی نے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر ایک بیان میں کہا ہے کہ جس طرح نئے سال کا آغاز ہوا ہے اس نے یہ پیغام دیا ہے کہ غزہ میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کوئی علاقہ محفوظ نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ جنگ بندی کے بغیر ہر آنے والا دن مزید المیے جنم دے گا۔اسرائیلی حملوں میں جمعرات کو ہونے والی اموات حالیہ ہفتوں کی سب سے بڑی تعداد ہے۔اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ اس نے حماس کے دہشت گردوں کو نشانہ بنایا ہے جو انسانی بنیاد پر محفوظ قرار دیے گئے علاقے میں قائم خان یونس کی میونسپل بلڈنگ میں کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر چلا رہے تھے۔اسرائیلی فوج کے ترجمان سے جب جمعرات کو ہونے والی اموات سے متعلق پوچھا گیا تو ان کا کہنا تھا کہ فوج نے غزہ جنگ کے دوران بین الاقوامی قانون کی پاسداری کی ہے اور شہریوں کو نقصان نہ پہنچنے کی ہر ممکن حد تک احتیاط برتی ہے۔اسرائیلی فوج دعویٰ کرتی رہی ہے کہ غزہ کے عسکریت پسند رہائشی علاقوں کو بطور شیلڈ استعمال کررہے ہیں۔تاہم حماس اس دعوے کی تردید کرتی ہے۔غزہ کی وزارتِ صحت کے مطابق اسرائیل اب تک جنگ کے دوران ساڑھے 45 ہزار سے زائد افراد کو شہید کرچکا ہے۔غزہ جنگ کا آغاز سات اکتوبر 2023 کو حماس کے اسرائیل پر دہشت گرد حملے کے بعد ہوا تھا۔حماس کے حملے میں اسرائیلی حکام کے مطابق 1200 افراد ہلاک اور 251 کو یرغمال بنالیا گیا تھا۔

**Aawami news** Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Saturday, 4th January, 2024

روزنامہ **عوامی نیوز** کولکاتا
سنیچر، ۴ رجنوری ۲۰۲۵ء

# SPORTS کھیل کی دنیا

# سڈنی ٹسٹ میں ٹیم انڈیا آسٹریلیا کے سامنے ڈھیر:
## پہلی انگ میں 185 رنوں پر آل آوٹ، بولینڈ نے لئے 4 وکٹ



سڈنی، 3 جنوری (آئی این ایس انڈیا): سڈنی ٹسٹ میں ٹیم انڈیا پہلی انگ میں 185 رنوں پر آل آو؟ٹ ہوگئی۔ مقابلے میں ٹیم انڈیا نے ٹاس جیت کر بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا، جو ان کے لئے بالکل بھی ٹھیک ثابت نہیں ہوا۔ آسٹریلیائی گیند باز ہندوستانی بلے بازون پر حاوی دکھائی دیئے۔ آسٹریلیا کے لئے اسکاٹ بولینڈ نے سب سے زیادہ 4 وکٹ حاصل کئے۔ وہیں ٹیم انڈیا کے لئے رشبھ پنت نے سب سے بڑی انگ کھیلتے ہوئے تین چوکے اور ایک چھکے کی مدد سے 40 رن بنائے۔ مقابلے میں ٹیم انڈیا نے مستقل کپتان روہت شرما کو ڈراپ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ روہت شرما کی جگہ شبھ من گل کو پلیئنگ الیون کا حصہ بنایا گیا۔ حالانکہ شبھ من گل زیادہ کچھ خاص نہیں کر سکے۔ انہوں نے دو چوکوں کی مدد سے صرف 20 رن اسکور کئے۔ مقابلے میں جسپریت بمراہ ہندوستان کی کمان سنبھال رہے ہیں۔ واضح رہے کہ ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے اتری ٹیم انڈیا کو اچھی شروعات نہیں مل سکی۔ ٹیم انڈیا نے پہلا وکٹ 11 رنوں کے اسکور پر کے ایل راہل کے طور پر گنوایا۔ راہل گاندھی صرف 04 رن بنا کر پویلین لوٹے۔ پھر ٹیم کو دوسرا جھٹکا 17 رنوں سے اسکور پر یشسوی جیسوال کے طور پر لگا۔ جیسوال نے ایک چوکے کی مدد سے 10 رن بنائے۔ پھر ٹیم کو تیسرا جھٹکا 57 رنوں کے اسکور پر شبھمن گل کے طور پر لگا۔ یشسوی جیسوال نے ایک چوکے کی مدد سے 10 رن بنائے۔ پھر ٹیم کو تیسرا جھٹکا 57 رنوں کے اسکور پر شبھمن گل کے طور پر لگا۔ انہوں نے دو چوکوں کی مدد سے 20 رن بنائے۔ اس طرح پہلے سیشن میں ٹیم انڈیا کا ٹاپ آرڈر فلاپ ہوکر پویلین لوٹ گیا۔ ٹاپ آرڈر کے پویلین لوٹنے کے بعد کوئی بھی کھلاڑی ٹیم انڈیا کو استحکام نہیں دے سکا۔ ٹیم کا چوتھا وکٹ 72 رنوں کے اسکور پر وراٹ کوہلی کے طور پر لگا۔ کوہلی 17 رنوں کی انگ کھیل کر پویلین لوٹے۔ اس کے بعد 120 رنوں پر پانچواں وکٹ رشبھ پنت پر گرا۔ رشبھ پنت نے تین چوکے اور ایک چھکے کی مدد سے 40 رن اسکور کئے۔ پھر اگلی گیند پر نتیش ریڈی گولڈ ڈک پر پویلین لوٹ گئے۔ اس کے بعد ٹیم کو ساتواں جھٹکا 137 رنوں پر رویندر جڈیجہ کے طور پر، آٹھواں وکٹ 148 رنوں پر واشنگٹن سندر کے طور پر، 9واں وکٹ 168 رنوں پر پرسدھ کرشنا کے طور پر اور دسواں وکٹ 185 رن کے اسکور جسپریت بمراہ کے طور پر لگا۔ رویندر جڈیجہ نے تین چوکوں کی مدد سے 26، واشنگٹن سندر نے تین چوکوں کی مدد سے 14، کرشنا نے 3 اور بمراہ نے تین چوکے لگا کر 22 رن بنائے۔

# محمڈن اور نارتھ ایسٹ یونائیٹڈ کے درمیان
## سخت ترین مقابلہ بنا گول کے ڈرا






گوہاٹی، 3 جنوری: محمڈن اور نارتھ ایسٹ یونائیٹڈ کے درمیان مقابلہ بہت ہی سخت ہوا، اس میں کوئی شک نہیں کہ نارتھ ایسٹ یونائیٹڈ کی ٹیم بہت ہی مضبوط تھی، لیکن محمڈن کے دفاعی کھلاڑیوں بشمول گول کیپر نے جس شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا اس کی تعریف چند لفظوں میں ممکن نہیں۔ محمڈن نے اس سے قبل ہی اڈیشہ کے خلاف بہت ہی شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا تھا اور میچ بنا گول کے ڈرا کیا تھا۔ 90 منٹ کا کھیل بنا گول کے ڈرا ہونے کے بعد 8 منٹ کا اضافی وقت دیا گیا۔ اس 8 منٹ کے کھیل کے دوران بہت ہی سخت مقابلہ ہوا جب دونوں ٹیموں نے ایک دوسرے کے خلاف سخت تحریکیں کی۔

# ہندوستانی کرکٹ کی تاریخ میں پہلی بار روہت شرما کے نام جڑا شرمناک ریکارڈ

سڈنی، 3 جنوری (آئی این ایس انڈیا): ٹیم انڈیا کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ کسی کپتان نے سیریز کے بیچ میں خود کو پلیئنگ 11 سے ڈراپ کیا ہو۔ روہت شرما ہندوستان اور آسٹریلیا کے درمیان سڈنی کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے جا رہے بارڈر-گاوسکر ٹرافی کے پانچویں ٹیسٹ میں ٹیم انڈیا کے پلیئنگ 11 کا حصہ نہیں ہیں۔ ایسا بین الاقوامی کرکٹ میں بھی کم دیکھنے میں آتا ہے۔ روہت شرما سیریز کے درمیان میں خود کو ڈراپ کرنے والے پہلے ہندوستانی کپتان بن گئے ہیں۔ سڈنی ٹیسٹ میں ان کی غیر موجودگی میں تیز گیند باز جسپریت بمراہ ٹیم انڈیا کی کپتانی کر رہے ہیں۔ بین الاقوامی کرکٹ کی تاریخ میں ایسا صرف چار بار ہوا ہے کہ کسی کپتان نے سیریز کے بیچ میں خود کو پلیئنگ 11 سے باہر کردیا۔ مائیک ڈینس نے ایشیز 1974 کے چوتھے ٹیسٹ کے لیے خود کو ریسٹ دیا تھا۔ ان کی جگہ جان ایڈریچ نے سیریز میں ٹیم کی قیادت کی تھی۔ 2014 میں اس وقت کے پاکستانی کپتان نے آسٹریلیا کے خلاف سیریز کے تیسرے ون ڈے کے لیے خود کو پلیئنگ 11 سے ڈراپ کرلیا تھا۔ ان کی جگہ شاہد آفریدی نے ٹیم کی قیادت کی تھی۔ 2014 کے T20 ورلڈ کپ میں، دنیش چندیمل نے ٹورنامنٹ کے آخری 3 مقابلوں کے لیے خود کو آرام دیا تھا، جس میں سیمی فائنل اور فائنل بھی شامل تھا۔

## روہت سڈنی ٹیسٹ سے باہر، بمراہ کپتان

### کیا ہندوستانی ٹیم بارڈر-گاوسکر ٹرافی کو بچا پائے گی؟

نئی دہلی، 3 جنوری (آئی این ایس انڈیا): ہندوستانی ٹیم کے باقاعدہ ٹیسٹ کپتان روہت شرما جمعہ سے سڈنی کرکٹ گراؤنڈ (SCG) میں شروع ہونے والے بارڈر گواسکر ٹرافی کے پانچویں اور آخری ٹیسٹ میچ میں نہیں کھیلیں گے۔ ان کی جگہ فاسٹ بولر جسپریت بمراہ ہندوستانی ٹیم کی کپتانی کر رہے ہیں گے۔ رپورٹ کے مطابق روہت شرما نے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر اور سلیکشن کمیٹی کے چیئرمین اجیت اگرکر کو آگاہ کیا کہ وہ اس فیصلہ کن میچ میں نہیں کھیلیں گے۔ گمبھیر اور اگرکر نے روہت کے اس فیصلے کو قبول کر لیا ہے۔ روہت کا یہ فیصلہ اس بات کا اشارہ ہوسکتا ہے کہ ملبورن میں باکسنگ ڈے ٹیسٹ کے بعد یہ ان کا آخری ٹیسٹ میچ ہو سکتا ہے۔ روہت کو آئندہ ورلڈ ٹیسٹ چمپئن شپ (WTC) سائیکل کے لیے سلیکٹرز کے منصوبوں کا حصہ نہیں سمجھا جا رہا ہے۔ روہت کی غیر موجودگی میں شبھ من گل کی ٹیم میں واپسی ہوئی ہے، جنہیں ملبورن ٹیسٹ میں ڈراپ کیا گیا تھا۔ گل تیسرے نمبر پر بیٹنگ کیا اور 20 رن بنا سکے۔ جبکہ پرسدھ کرشنا کو زخمی آکاش دیپ کی جگہ فائنل الیون میں شامل کیا گیا ہے۔ یہ ٹیسٹ ٹیم کے لیے بہت اہم ہے، کیونکہ یہ میچ جیت کر ہندوستان کو سیریز 2-2 سے برابر کرنی ہے اور بارڈر-گاوسکر ٹرافی کو برقرار رکھنا ہے۔ پہلے ٹیسٹ میں ٹیم کو فتح دلانے والے بمراہ کو ایک بار پھر قیادت کا موقع ملے گا۔







Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804

پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30 / چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹیڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع۔ ایڈیٹر: پریم شنکر، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔ (پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804